نیٹ سول ٹیکنالوجیز لمیٹڈ ®

اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ نیٹ سول ٹیکنالوجیز لمیٹڈ ("کمپنی") کے حصص داران کا 27 واں سالانہ اجلاس عام ("AGM") مورخہ 25 اکتوبر 2023 کو صبح 11:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع نیٹ سول آئی ٹی ویلج (سوفٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک) لاہور، رنگ روڈ، غازی روڈ انٹرچینج، لاہور کینٹ اور ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے منعقد کیا جائے گا، تاکہ درج ذیل عمومی معاملات کو انجام دیا جاسکے۔

عمومی معاملات:

1۔ 30 جون 2023ء کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ سالانہ الگ اور مجموعی مالی حسابات بشمول چیئرمین، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس کی وصولی، تجزیہ اور منظوری۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (7)223 اور ایس ای سی پی کے SRO 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023ء کے مطابق کمپنی کے مالی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیے گئے ہیں جنہیں درج ذیل ویب لنک اور QR کے حامل کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

https://www.netsolpk.com/investor-information

2۔ آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ ممبروں کو یہاں مطلع کیا جاتا ہے کہ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے آڈیٹر کی حیثیت سے تقرری کے لئے ریٹائر ہونے والے آڈیٹر میسرز ایچ۔وائی۔کے۔اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ (M/s H.Y.K & Co. Charted Accountants) کے نام کی سفارش کی ہے۔

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز

سحرش

کمپنی سیکرٹری

لاہور

04 اکتوبر 2023ء

نوٹ:

1۔ کمپنی کے حصص کی تبدیلی کی کتاب 19 اکتوبر 2023ء سے 25 اکتوبر 2023ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ فزیکل/سی ڈی سی منتقلی کیلئے حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز ویژن کنسلٹنگ لمیٹڈ، C-3، ایل ڈی اے فلیٹس لارنس روڈ، لاہور فون:36283096 (42 92) 36283097 فیکس:36312550 (42 92) کو 18 اکتوبر 2023ء تک کاروباری اوقات کے اندر آگاہ کریں جن کی بنیاد پر ووٹ اور اجلاس میں حاضری کی اہلیت طے کی جائیگی۔

2۔ حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ ان کے اپنے پتہ میں کوئی بھی تبدیلی کرانا مقصود ہو تو آگاہ کریں۔

3۔ **AGM میں شرکت**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ہدایات کے مطابق، حصص داران AGM میں virtually طور پر شرکت کرنا چاہیں گے تو اس مقصد کے لیئے حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ رجسٹریشن کے لیے کمپنی کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

کسی بھی سوالات کی صورت میں، براہ کرم بلاجھجک اس ایڈریس corporate@netsolpk.com پر ای میل کریں۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ اجلاس کے لیے رجسٹریشن 25 اکتوبر 2023ء کو صبح 09:30 پر بند ہوجائے گی جس کے بعد شرکاء/حصص داران اجلاس کے لیئے رجسٹر نہیں کرسکیں گے۔ کوئی بھی اور تمام شرکاء/حصص داران جو مقررہ وقت کے اندر رجسٹرڈ ہوں گے انہیں اجلاس کا لنک ملے گا اور وہ اجلاس تک رسائی حاصل کرسکیں گے لہٰذا کمپنی بروقت رجسٹریشن پر زور دیتی ہے۔

4۔ عام اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار رکن کسی دوسرے رکن کو ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کرنے اور اس کی طرف سے ووٹ دینے کے لیے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے اور اس طرح مقرر کردہ پراکسی کو ایسے حقوق حاصل ہوں گے، جیسا کہ اجلاس میں شرکت، بولنے اور ووٹ دینے کہ حوالے سے سالانہ اجلاس عام جیسا کہ رکن کے لیے دستیاب ہے۔ پراکسی موثر ہونے کیلئے، ہر لحاظ سے مکمل ہونا ضروری ہے، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کروانا ضروری ہے۔ انگریزی اور اردو زبان میں پراکسی فارم اس کے ساتھ منسلک ہے۔

5۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی 26 جنوری 2000ء کے سرکلر 1 میں درج ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

A۔ اجلاس میں شرکت کیلئے:

a۔ بصورت افراد، اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ ہیں کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل CNIC یا پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرانا ہوگی۔

b۔ بصورت کارپوریٹ اکائی، بورڈ کے ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزدہ کے دستخط اجلاس کے وقت (اگر پہلے سے فراہم نہ کیے گئے ہوں) فراہم کرنا ہوں گے۔

B۔ پراکسیز کے تقرر کیلئے:

a۔ بصورت افراد، اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن تفصیلات، سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ ہیں، ان کو مندرجہ بالا شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

b۔ پراکسی فارم دو افراد سے گواہی شدہ ہونے چاہئیں، جن کے نام، پتے اور CNIC فراہم کرے گا۔

c۔ پراکسی فارم کے ساتھ بینیفیشل اونر اور پراکسی دونوں کی تصدیق شدہ CNIC یا پاسپورٹ کی کاپی جمع کروانا ضروری ہے۔

d۔ اجلاس کے وقت پراکسی کو اپنا اصلی CNIC یا پاسپورٹ دکھانا ضروری ہوگا۔

e۔ بصورت کارپوریٹ اکائی، بورڈ کے ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزدہ کے دستخط پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو (اگر پہلے سے فراہم نہ کیے گئے ہوں) فراہم کرنا ہوں گے۔